Digitized by Khilafat Library Rabwah

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنۡ یَّبۡعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل ربوہ

The Daily
ALFAZL
RABWAH

یوم بدھ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۳۵ پیسے

جلد ۶۶/۳۱ | ۱۷ محرم ۱۳۹۸ھ ۲۸ فتح ۱۳۵۶ ہش ۲۸ دسمبر ۱۹۷۷ء | نمبر ۲۹۰

## بیرونی ملکوں کی جماعتوں اور احباب کی طرف سے مبارکباد کی تاریں

بیرونی ملکوں کی جماعتوں اور افراد کی طرف سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں جلسہ سالانہ کے انعقاد پر مبارک باد کی تاریں بڑی کثرت سے موصول ہو رہی ہیں جن میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ اور شرکائے جلسہ کی خدمت میں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ عرض کرنے کے علاوہ درخواستِ دعا کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی جلسہ کی عظیم الشان برکات سے حصہ وافر عطا فرمائے اور اعلائے کلمۂ اسلام کے حق میں اس کے عظیم الشان نتائج ظاہر فرمائے۔ آمین

(ان جماعتوں اور افراد کے اسماء آئندہ کسی اشاعت میں ہدیۂ قارئین کئے جائیں گے۔ انشاء اللہ)

### جلسہ سالانہ کے دوسرے روز نعرہ ہائے تکبیر اور دیگر ولولہ انگیز اسلامی نعروں کے درمیان

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا روح پرور خطاب

## "خدائی وعدوں کے بموجب دنیا کے ہر خطہ میں رفتہ رفتہ اسلام کے حق میں ایک انقلابِ عظیم رونما ہو رہا ہے"

## "ابتداء میں نومسلموں کی تعداد کو نہیں اخلاص و فدائیت اور جوہرِ قابل کی فراوانی کو اہمیت حاصل ہوتی ہے"

### "اللہ تعالیٰ نے یورپ اور امریکہ کے باشندوں میں سے اسلام کو ایسے گوہرِ نایاب عطا کئے ہیں جنہوں نے خدمت و فدائیت کی مثال قائم کر دکھائی ہے"

ربوہ ۲۷ دسمبر (بروز منگل) ۔ آج جماعت احمدیہ کے پچاسی ویں مقدس و بابرکت ملّی جلسہ سالانہ کا دوسرا دن تھا۔ آج کے دوسرے اجلاس میں جو ظہر اور عصر کی باجماعت نمازوں کے بعد ۲ بجے بعد دوپہر شروع ہوا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پاکستان کے کونہ کونہ سے ہی نہیں بلکہ دنیا کے ۳۱ ملکوں سے آئے ہوئے سوا لاکھ سے کہیں زیادہ مخلص و فدائی انسانوں کے اجتماعِ عظیم کو جو بحرِ ذخّار کی طرح دُور دُور تک پھیلا ہوا تھا اور مردانہ و زنانہ دو علیحدہ علیحدہ جلسہ گاہوں پر مشتمل تھا ایک نہایت ہی ایمان افروز اور روح پرور خطاب سے نوازا۔ اس خطاب میں حضور ایدہ اللہ نے اللہ تعالیٰ کے حُسن و احسان کے نہایت ہی حسین جلووں نیز اس کے غیر معمولی فضلوں اور احسانوں کا ذکر کرنے کے بعد واضح فرمایا کہ خدائی وعدوں کے بموجب دنیا کے ہر خطہ میں رفتہ رفتہ اور بتدریج اسلام کے حق میں ایک انقلابِ عظیم رونما ہو رہا ہے۔

حضور نے مختلف خطّوں اور ملکوں میں رونما ہونے والے اس انقلابِ عظیم کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ اگرچہ افریقہ میں کثیر تعداد میں لوگ جماعتِ احمدیہ کی مساعی کے نتیجہ میں اسلام میں داخل ہوئے ہیں تاہم یورپ اور امریکہ میں اسلام میں داخل ہونے والوں کی تعداد ابھی زیادہ نہیں ہے۔ حضور نے اس ضمن میں فرمایا ابتداء میں نومسلموں کی تعداد کو نہیں بلکہ اخلاص و فدائیت اور جوہرِ قابل کی فراوانی کو اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ اولاً ایسے مخلص و فدائی دلوں کو قبولِ حق کی سعادت سے نوازتا ہے جو اپنی اپنی قوموں کے لئے خدمت و فدائیت کی ایک مثال قائم کر دکھاتے ہیں اور اس طرح وہ غلبۂ حق کی راہ ہموار کرنے کا موجب بنتے ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ نے اپنی اس قدیم سُنّت کے مطابق یورپ اور امریکہ کے باشندوں میں سے جماعتِ احمدیہ کو ایسے گوہرِ نایاب عطا کئے ہیں جنہوں نے اپنی زندگیاں خدمتِ اسلام کے لئے وقف کر دکھائی ہیں اور انہوں نے ایسے ایسے کارنامے سرانجام دئے ہیں جو آگے چل کر وہاں غلبۂ اسلام کو منصۂ شہود پر لانے میں انشاء اللہ العزیز نہایت اہم کردار ادا کریں گے۔ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ ہمیں اس کثرت سے اپنے فضلوں اور احسانوں سے نواز رہا ہے کہ ہم انہیں شمار نہیں کر سکتے اور اگر ہم اپنی زندگیاں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے میں گزار دیں تو بھی صرف ایک فضل کا شکر ادا کرنے کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔

حضور نے احباب کو اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور فضلوں کا پیہم نزول یاد دلا کر انہیں ان کی اہم ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی اور یہ امر ذہن نشین کرایا کہ غلبۂ اسلام کی آسمانی مہم کی راہ میں روکاوٹیں واقع ہو سکتی ہیں لیکن مسلسل قربانیوں کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ کے فضل سے وہ تمام روکاوٹیں دُور ہوتی چلی جائیں گی اور اسلام دنیا میں آگے ہی آگے بڑھتا چلا جائے گا اور کبھی کوئی روک ایسی واقع نہیں ہوگی جو ہمیں ایک ہی مقام پر کھڑا رہنے پر مجبور کر دے۔

### صبح کا اجلاس

آج صبح کے اجلاس میں جو حسبِ پروگرام محترم جناب مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ امیر جماعت ہائے احمدیہ صوبہ پنجاب کی صدارت میں سوا نو بجے شروع ہوا تلاوتِ قرآن مجید اور نظم کے بعد محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مؤلف تاریخِ احمدیت نے "تفسیر خاتم النّبیین اور بزرگانِ سلف" کے موضوع پر، محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح و ارشاد نے "مَیں دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا" کے موضوع پر اور محترم مولانا بشارت احمد صاحب بشیر نائب وکیل التبشیر نے "مسلمان عورت کا مقام اور خلق احسان" کے موضوع پر نہایت ٹھوس، پُرمغز اور بصیرت افروز تقاریر فرمائیں۔ نیز بیرونی ملکوں کے جماعتی وفود کے امراء میں سے جرمن وفد کے امیر جناب ہدایت اللہ ہبش، ڈنمارک کے جناب عبدالسلام میڈسن اور ٹرینیڈاڈ کے جناب اصفہانی صاحب نے حاضرین سے انگریزی میں مختصر خطاب فرما کر اپنی اپنی جماعتوں کے احباب کی طرف سے حاضرینِ جلسہ کو سلام پہنچانے کے علاوہ ان سے جماعت کی ترقی اور وہاں اسلام غالب آنے کے لئے دعا کی درخواست کی۔ ہمارے جرمن نومسلم احمدی بھائی جناب ہدایت اللہ ہبش نے تو جو بہت پُرگو اور باکمال شاعر بھی ہیں انگریزی میں اپنی ایک دینی نظم بھی سنائی۔

صبح کا اجلاس بارہ بجے دوپہر اختتام پذیر ہوا۔ بارہ بجے سے ڈیڑھ بجے تک نماز کی تیاری کے لئے وقفہ تھا چنانچہ احباب اس وقفہ میں وضو وغیرہ کر کے ڈیڑھ بجے سے بہت پہلے ہی پھر جلسہ گاہ میں آجمع ہوئے تاکہ حضور ایدہ اللہ کی اقتداء میں ظہر اور عصر کی نمازیں ادا کر سکیں۔ جلسہ گاہ میں وہ صف وار بیٹھتے چلے گئے۔ چنانچہ جلسہ گاہ ہی نہیں جلسہ گاہ سے باہر بھی دُور دُور تک پُرشوق نمازیوں کی صفیں پھیلی ہوئی تھیں۔

(باقی مسلسل صفحہ ۸ پر)

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقامِ اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

## صرف چند دن باقی رہ گئے ہیں

وقفِ جدید کے مالی سال کے اختتام پذیر ہونے میں صرف چند دن باقی رہ گئے ہیں لیکن منظور شدہ بجٹ کا ایک بڑا حصہ جماعتوں کے ذمہ واجب الادا ہے۔ حالانکہ وقفِ جدید کو اپنے مفوّضہ فرائض کی سرانجام دہی کے لئے رقوم کی اشد ضرورت ہے۔ لہٰذا امراءِ کرام اور مقامی جماعتوں کے متعلقہ عہدیداران سے درخواست ہے کہ براہِ مہربانی احباب و خواتین اور بچوں سے چندہ وقفِ جدید وصول کر کے اختتام سال سے قبل اپنا اپنا بجٹ سو فیصدی صدر انجمن احمدیہ کے خزانہ میں بمد چندہ وقفِ جدید جمع کرا دیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(ناظم مال وقف جدید ربوہ)

## چندہ مہمان خانہ مستورات

ہفتہ زیرِ رپورٹ یکم تا ۸ر دسمبر اس مد میں -/۲۵۳۳ روپے چندہ آیا ہے۔ اور اس مد کی کل وصولی ۳۷/ ۱۴۹، ۲۹، ۲ ہو چکی ہے جبکہ اسوقت تک ۳، ۳۲، ۲۸۰/۸۷ خرچ ہو چکا ہے۔ اس خرچ کو پورا کرنے کے لئے مزید ۱۳۱، ۳، ۱۰ر کی ضرورت ہے۔ جن بہنوں نے ابھی تک چندہ نہیں دیا وہ اس چندہ میں شرکت کریں اور جلسہ سالانہ کے موقع پر چندہ دے کر جائیں۔ روپے کی کمی کے باعث کام رُکا ہوا ہے۔ لجنات بھی اس مد چندہ کی وصولی کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دیں۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

## دعائے مغفرت

مکرم چوہدری عطا محمد صاحب زعیم مجلس انصار اللہ فیکٹری ایریا ربوہ و مالک افضل بوٹ ہاؤس رحمت بازار ربوہ ۲۲ر دسمبر کو صبح دس بجے اپنے مالکِ حقیقی سے جا ملے۔ انّا للہ و انّا الیہ راجعون۔

مرحوم اپنے خاندان میں اکیلے احمدی تھے۔ ۱۹۶۱ء میں بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ خاندان کی عظیم مخالفت کے باوجود احمدیت پر ثابت قدم رہے۔ نہایت مخلص، خوش اخلاق، دعا گو اور سلسلہ سے محبت رکھنے والے تھے۔ دوسروں کی خدمت کر کے خوشی محسوس کرتے تھے۔ دو ہفتہ بیمار رہے ہر ممکن علاج کیا گیا مگر کوئی دوا کارگر نہ ہوئی۔

۲۳ر دسمبر کو بعد نماز عصر مسجد مہدی گولبازار کے پاس میدان میں زعیم اعلیٰ انصار اللہ ربوہ محترم چوہدری محمد شریف صاحب فاضل سابق رئیس التبلیغ بلادِ عربیہ و افریقہ غربیہ نے نماز جنازہ پڑھائی جس کے بعد تدفین بہشتی مقبرہ میں عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر دعا بھی محترم چوہدری صاحب نے ہی کرائی۔

مرحوم نے بیوہ کے علاوہ دو بچے اور تین بچیاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ بڑا لڑکا شادی شدہ ہے اور پاکستان سے باہر ہے۔ دوسرے بچے زیر تعلیم ہیں۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی رضا کی جنتوں میں بلند مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کا خود حافظ و ناصر اور کفیل ہو۔

(سلطان احمد پیر کوٹی۔ ربوہ)

## مصباح کا جلسہ سالانہ نمبر شائع ہو گیا!

مصباح کا جلسہ سالانہ نمبر جو حضرت نواب مبارکہ بیگم رضی اللہ عنہا کی سیرت کے مضامین پر مشتمل ہے شائع ہو گیا ہے۔ مستقل خریداروں کو ڈاک سے بھجوایا جا رہا ہے۔ باقی سب بہنوں کو چاہیئے کہ جلسہ سالانہ کے موقع پر مصباح ضرور خریدیں۔ خود پڑھیں، اپنی بچیوں کو پڑھائیں تا ان کو حضرت نواب مبارکہ بیگم رضی اللہ عنہا کے حالاتِ زندگی کا علم ہو اور اس کی روشنی میں وہ اپنا کردار بھی ڈھال سکیں۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

## تقریب شادی

میرے خالہ زاد بھائی مکرم برادرم محمد زکریا داؤد ولد شیخ محمد یوسف جیلانی (مسقط آف عمان حالی درویش منزل دار الصدر شمالی ربوہ) کی تقریب شادی مورخہ ۲۵ر نومبر بروز جمعۃ المبارک عمل میں آئی۔

بارات مورخہ ۲۵ر نومبر کو صبح جہلم پہنچی۔ جہاں مستری محمد خان صاحب مرحوم کے مکان واقع مشین محلہ نمبر ۱ برادرم محمد زکریا داؤد کا نکاح ہمراہ محترمہ شاہدہ پروین صدف بنت مستری محمد خان صاحب مرحوم بعوض پانچ ہزار روپے حق مہر مکرم بشیر الدین محمود صاحب مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ جہلم نے پڑھا۔

اُسی روز بارات واپس ربوہ آئی اور مورخہ ۲۷ر نومبر بروز اتوار دعوتِ ولیمہ کا اہتمام کیا گیا۔ دعوتِ ولیمہ کے اختتام پر محترم شیخ مبارک احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد (تعلیم القرآن) نے دعا کرائی۔

احبابِ جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس تعلق کو جانبین اور سلسلہ عالیہ احمدیہ کے لئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے۔ آمین

(شمس الدین اکونٹنٹ مجلس نصرت جہاں۔ ربوہ)

## اعلان نکاح

مورخہ ۲ر دسمبر ۱۹۷۷ء بروز جمعۃ المبارک برادرم نثار احمد صاحب بشارتی کی صاحبزادی عزیزہ زاہدہ پروین کا نکاح ہمراہ برادرم مختار احمد صاحب آف کراچی کے صاحبزادے عزیزم دلدار احمد مبلغ پانچ ہزار روپیہ حق مہر پر محترم محمد اشرف صاحب ناصر شاہد مربی سلسلہ احمدیہ نے پریس کلب حیدر آباد میں پڑھا۔

تقریب نکاح میں علاوہ احمدی احباب کے کثیر تعداد میں سیاسی، سماجی اور صحافت سے تعلق رکھنے والی شخصیتیں شامل ہوئیں۔

دلہا اور دلہن ماسٹر خدا بخش صاحب مرحوم کانپوری کے پوتے اور پوتی ہیں دوست دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو ہر دو خاندانوں نیز جماعت کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت بناوے۔ آمین

(عبد الغفار امیر جماعت احمدیہ حیدر آباد)


### مکان برائے فروخت

ایک مکان رقبہ ۲۱ مرلہ۔ چار کمرے۔ نلکا۔ پانی میٹھا۔ بجلی۔ نزد گنبد والی مسجد ابراہیم غنی ربوہ مکان دو حصوں میں تقسیم کر کے فروخت ہو سکتا ہے۔ باموقع نہایت ارزاں قیمت پر۔ رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس (رجسٹرڈ) پراپرٹی ڈیلرز۔ اقصیٰ روڈ ربوہ

فون دفتر ۵۰۸ ——— فون رہائش ۴۰۵

هو الشافی

### دانت درد کا علاج

دانتوں کے امراض کے متعلق مشورہ اور لٹریچر

مفت

پائیوریا (PYORRHEA) کا مکمل کورس -/۱۵
کیریز (CARIES) کا مکمل کورس -/۱۵
پائیوریا منجن (PYORRHEA POWDER) ۴/-
ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی ربوہ فون ۶۰۹ / ۶۰۷

قدیمی ——— اوّلین ——— شہرۂ آفاق

### دواخانہ حکیم نظام جان

پہلے کی طرح اب بھی دُکھی مخلوق کی خدمت کر رہا ہے۔ زنانہ امراض کے علاج اور زچگی کے سلسلہ میں دن اور رات کے کسی حصہ میں دواخانہ کی خدمات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

عورتوں کے لئے

پردہ کا انتظام ہے

دواخانہ حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر

مینیجر انوار احمد جان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

## ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے خاکسار کو ۵ دسمبر ۱۹۷۷ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود محترم سید خالد رضا صاحب کا پوتا اور محترم چوہدری فیروز الدین بھٹی صاحب کا نواسہ ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نومولود کا نام "فضل اللہ" تجویز فرمایا ہے۔ احباب سے نومولود کی درازیٔ عمر اور خادمِ دین ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(سید محمد رضا۔ بسمل حلقہ ڈیفینس سوسائٹی۔ کراچی)


نصرت آباد کالونی (گورنمنٹ سے منظور شدہ)

ربوہ محلہ دارالرحمت کے نزدیک برلب چنیوٹ ساہیوال روڈ۔ بہترین جگہ۔ پانی میٹھا۔ دس مرلہ کے رہائشی و کمرشل پلاٹس نہایت موزوں قیمت پر قابلِ فروخت۔ رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس (رجسٹرڈ) پراپرٹی ڈیلرز

فون دفتر ۵۰۸ —— ۱۵-اقصیٰ روڈ۔ ربوہ —— فون رہائش ۴۰۵

جلسہ سالانہ

کے مبارک ایام میں حسب سابق

حکیم عبد الحمید اعوان

(ابن حکیم نظام جان صاحب مرحوم)

ایوانِ محمود کے سامنے مشہور دواخانہ میں

جلسہ سالانہ کے اوقات کے علاوہ

صبح سات بجے سے رات نو بجے تک

مطب کیا کریں گے

عورتوں کے لئے

علیحدہ حسب معمول زنانہ انتظام ہے

مایوس و پریشان مریض جو کسی بھی مرض میں مبتلا ہوں۔

جرمن و امریکن ہومیوپیتھک ادویات سے

کامیاب علاج کیلئے تشریف لائیں

شاہ ہومیو پیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

پرانی سے پرانی چنبل کا دنوں میں علاج

ہمراز کا "وکٹری لوشن"

استعمال کیجئے اور اس موذی مرض سے نجات پائیے!

جلسہ سالانہ کے ایام میں

متصل خلافت لائبریری سے ہمراز فارمیسی

لاہور کے مجربات حاصل کریں۔

کریم کالونی نزد فیکٹری ایریا۔ ربوہ

دس مرلہ اور پانچ مرلہ کے رہائشی پلاٹس۔ فیکٹری ایریا سے بفاصلہ قریباً تین فرلانگ۔ نہایت موزوں جگہ۔ سیلاب سے محفوظ۔ پانی میٹھا۔ کشادہ سڑکیں۔ ۴۰ فٹ۔ مناسب قیمت پر قابلِ فروخت ہیں۔ رجوع فرمائیں۔

بلال اسٹیٹس رجسٹرڈ۔ پراپرٹی ڈیلرز

فون دفتر ۵۰۸ —— ۱۵-اقصیٰ روڈ۔ ربوہ —— فون رہائش ۴۰۵

FOR SALE AND EXPORT OF

QUALITY CARPETS

CONTRACT

HAMID & CO.

26, NICHOLSON ROAD,

LAHORE.

PHONE 311429

جلسہ سالانہ

پر

آنے والے

احباب

جائیداد کی

خرید و فروخت

کیلئے

ہمیں یاد رکھیں

احمد اسٹیٹس

پراپرٹی ڈیلرز انس مارکیٹ ربوہ

(بالمقابل ایوانِ محمود)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

صوفی ہومیو شفاخانہ میں

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں ہومیوپیتھک یونانی طب کی کتب۔ امریکن و جرمنی سربمہر و تحملی بلند سے بلند طاقت۔ اور بائیوکیمک جرمنی و کامیاب فارمیسی کے مجربات و ٹکیوں کے علاوہ ذاتی مجربات کی خریداری کے لئے تشریف لاویں۔

ڈاکٹر صوفی علی محمد آر۔ ایم۔ پی،

صوفی ہومیو شفاخانہ رحمت بازار ربوہ

سرمہ نورِ چشم / سرمہ ممیرا خاص

نظر کی کمزوری، پانی بہنا۔ سرخی۔ دھند۔ جالا۔ خارش کے لئے لاجواب تحفے۔

قیمت ایک روپیہ

دواخانہ خدمت خلق۔ رجسٹرڈ

ربوہ

نزد ربوہ باموقع زرعی زمین

رقبہ ۹ ایکڑ قریباً۔ نزد ربوہ۔ پانی نہری و سرکاری ٹیوب ویل۔ باموقع۔ ارزاں قیمت پر۔

رجوع فرماویں

بلال اسٹیٹس (رجسٹرڈ) پراپرٹی ڈیلرز

۱۵-اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

فون دفتر ۵۰۸ فون ہاؤس ۴۰۵

ہمدردانہ مشورہ اور کامیاب علاج

مطب ناصر دواخانہ

گولبازار ربوہ

فون ۵۳۴